www.understandquran.com

سبق-24 : اللہ کی پاکی اور بزرگی!

اس سبق کے اختتام پر آپ جان لیں گے کہ :

- دعاءِ استفتاح (ثناء) کی کیا اہمیت ہے؟
- دعاءِ استفتاح (ثناء) نماز میں کب پڑھی جاتی ہے؟
- اللہ کی تعظیم کیسے کی جائے اور اس کا ثواب کیا ہے؟

عبارت وتشریح :

سُبْحٰنَكَ	اللّٰهُمَّ	وَبِحَمْدِكَ	وَتَبَارَكَ	اسْمُكَ
پاک ہے تو	اے اللہ	اور تیری تعریف کے ساتھ	اور برکت والا ہے	تیرا نام
اے اللہ ! تو پاک ہے تیری تعریف کے ساتھ، اور تیرا نام برکت والا ہے				

وَتَعَالٰى	جَدُّكَ	وَلَا إِلٰهَ	غَيْرُكَ.
اور بلند و بالا ہے	تیری بزرگی	اور نہیں کوئی معبود	سوائے تیرے۔
اور تیری بزرگی بلند و بالا ہے، اور تیرے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں۔			

- اس دعا کو "دعاءِ استفتاح" کہا جاتا ہے۔ استفتاح کا مطلب ہوتا ہے کھولنے کی درخواست کرنا۔ یہ دعا نماز کے شروع میں "اَللّٰهُ أَكْبَرُ" کہنے کے بعد پڑھی جاتی ہے۔
- نماز کے شروع میں ہی ہم اللہ کی پاکی اور اس کی بزرگی بیان کرتے ہیں۔ اس سے ہمیں نماز کے دوران قرآن پڑھتے یا سنتے وقت اپنے ذہن میں اللہ کی عظمت کو پیدا کرنے میں مدد ملتی ہے۔
- سُبْحٰنَكَ: اے اللہ! آپ ہر عیب سے، ہر نقص سے اور ہر کمی سے پاک ہیں۔
- وَبِحَمْدِكَ: اے اللہ! تمام تعریفیں اور شکر تیرے ہی لیے ہے۔
- تَبَارَكَ اسْمُكَ: اللہ کا نام برکتوں والا ہے۔ جب بھی ہم کوئی اچھا کام شروع کریں تو اسے اللہ کے نام سے شروع کرنا چاہیے تاکہ ہم کو بہتر نتیجہ ملے۔
- تَعَالٰى جَدُّكَ: اللہ کی شان بہت بلند ہے۔ کوئی بھی اللہ کی لا محدود عظمت وطاقت میں اس کے مانند نہیں ہو سکتا۔

حدیث : نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور اس کی مثال جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ جیسی ہے" (بخاری)۔ یعنی جو انسان اللہ کو یاد کرتا ہے وہ زندہ کی طرح ہے اور جو اللہ کو یاد نہیں کرتا وہ مردہ کی طرح ہے۔

غور و فکر : مطالعہ، تصوّر اور احساس :

- تصور کریں کہ زمین و آسمان کے درمیان موجود ہر چیز اپنے اپنے انداز میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کر رہی ہے۔ اور اس بات کا شکر ادا کریں کہ اتنی ساری مخلوقات کے ساتھ ساتھ اللہ کی پاکی بیان کرنے میں ہم بھی شامل ہو گئے ہیں۔
- اگر ہم کسی کی تعریف کرتے ہیں تو ہم اس سے محبت بھی کرتے ہیں اور اس کی باتوں کو مانتے بھی ہیں۔ ہم نماز میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں اور اس کی بڑائی بیان کرتے ہیں، لیکن کیا ہمارے عمل میں بھی اس کا اثر نظر آتا ہے؟
- نماز میں اس دعا کو اس تصور اور احساس کے ساتھ پڑھیے کہ آپ اللہ کے سامنے کھڑے ہو کر اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں، اور اللہ آپ کو دیکھ رہا ہے اور سن رہا ہے۔
- ہمیں اللہ کا نام بہت محبت اور یقین کے ساتھ لینا چاہیے کہ اس کے نام کی برکتیں مجھے ہر کام میں کامیاب کر دے گی۔

نصیحت لینا : دعا، احتساب اور پلان :

- دعا کیجیے کہ اے اللہ ! مجھے سچے دل سے تیری پاکی بیان کرنے اور حمد کرنے کی توفیق دے۔
- اپنا جائزہ لیں کہ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہم اللہ کے علاوہ کسی اور کو بڑا مانتے ہوں اور اس کی تعریف کرتے ہوں؟
- پلان بنائیے کہ کثرت سے اللہ کی تسبیح اور حمد و ثنا کریں گے اور صرف اللہ کو بڑا مان کر زندگی گذاریں گے۔

عادت : نماز میں اس دعا کو پوری توجہ کے ساتھ اور سمجھ کر پڑھیں۔

مشقی سوالات

1. دعائے استفتاح (ثناء) میں کیا سکھایا گیا ہے؟
2. یہ دعا نماز میں کب پڑھی جاتی ہے؟
3. اللہ کی عظمت کیسے بیان کریں؟
4. اللہ کی عظمت بیان کرنے پر ہمیں کیا ملتا ہے؟

www.understnadquran.com